23/04/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں---انور الحق

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سانبہ ، کھٹوعہ ، جموں اور کشمیر کے بیشتر حصوں میں صنعتی انقلاب اس حقیقت کی عکاس ہے کہ جموں کشمیر ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہوا ہے۔

انڈسٹریز انڈیا Eveready سانبہ مینکل دو ارب روپے کی سرمایہ کاری سے تیار کئے گئے نئے لمیٹڈ کے نئے صنعتی یونٹ کا افتتاح کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہاکہ سال 2021میں جموں کشمیر میں شروع کی گئی نئی صنعتی پالیسی کے بہتر نتائج زمینی سطح پر عیاں ہیں۔

....

ملاقات

سنگھ باجوا کی قیادت والا ایک وفد کل لوک بھون جموں S.Tarlok سابق ممبر پارلیمنٹ میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ہوا او ر عوامی نوعیت کے متعدد معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

وفود

کئی عوامی وفود نے کل جموں میں وزیر اعلی عمر عبداللہ سے ملاقات کی اور ترقی و حکمرانی کے عمل سے جڑے معاملات ان کی نوٹس میں لائے ۔ملاقات کرنے والونمیں ممبر پارلیمنٹ سجاد کرگل کے چیف LAHDCاندروال پیارے لال شرما،سابق وزیر عبدالغنی کوہلی،MLAاحمد کچلو ، ایگزیکٹو کونسلر ڈاکٹر محمد جعفر آخون شامل تھے ۔

وزیر اعلیٰ نے انہیں اجاگر کئے گئے معاملات کو حل کرنے کا یقین دلایا۔

سکینہ

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر کو معیاری تعلیم اور اختراعیت کا ایک اعلیٰ مرکز بنانے کی وعدہ بند ہے ۔ کل اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں لرننگ کیلئے کلاس روم بلاک کا ای سنگ بنیاد رکھنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے Innovative وزیر موصوفہ نے کہا شعبہ تعلیم کو بلندیوں تک لے جانے کیلئے بنیادی ڈھانچے کو دوام بخشنا وقت کی ضرورت ہے ۔

DCسرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو کی صدارت میں کشمیر ہاٹ سرینگر میں PM سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا سے متعلق ایک بڑے بیداری اور رجسٹریشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ سرینگر ضلعے میں5ہزار سے زائد روپ ٹاپ سولر پینل لگائے گئے ہیں۔

بعد میں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کر تے ہوئے اکشے لابرو نے کہا ۔

عالمی دن

آج کتابوں اور کاپی رائٹ کا عالمی دن ہے ۔ آج کے دن کتابوں اور کتب بینی کی اہمیت کے ساتھ ساتھ انسانی اذہان کوایک اختراعی سط پر لے جانے میں کتابوں کے رول کو اجا گر کیا جاتاہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ کتابو ں کے پرانے نمونوں کو آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ رکھنے کی ضرورت کو بھی اجا گر کیا جاتا ہے۔

منڈاویہ

محنت و روزگار اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ کل بڈگام ضلعے کے اومپورہ علاقے میں تیس بستروں والے ESIC اسپتال کا افتتاح کریں گے جسے بعد میں سو بستروں تک بھی وسعت دی جا سکتی ہے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جمونمیں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کے ہینڈی کرافٹس اور ہینڈ لوم سیکٹر کو بڑے پیمانے پر فروغ دینے اور اس سے مستحکم بنانے کیلئے نقش راہ کا جائزہ لیا۔

چیف سیکریٹری نے اس سیکٹر سے جڑے کاریگروں کیلئے نیشنل انسٹی چیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی کے اشتراک سے تربیت اور صلاحیت سازی کے پروگراموں کو وسعت دینے کی ضرور ت پرزور دیا۔

فوج

فوج کی طرف سے شمالی کشمیر میں کیپٹن وشال Bhandral والی بال پریمر لیگ کا انعقاد کیا گیا ۔ پہلے مرحلے کے تحت مانسبل ، پہرو پیٹھ ، چھر کوٹ اور حیدر بیگ میں میچ کھیلے گئے ۔ جبکہ دوسرے مرحلے کے تحت والی بال میچ شیر کشمیراسٹیڈیم بانڈی پورہ میں کھیلے گئے ۔

کلو فورس کے علاوہ پولیس انتظامیہ اور نیم فوجی دستوں کے کئی GOC فائنل میچ کے دوران اعلیٰ افسران موجود تھے۔

نشہ

پورے جموں کشمیر میں سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مدسے جاری ہیں اور پولیس، انتظامیہ اور دیگرمحکموں کے ساتھ ساتھ سول سوسائٹی بھی سماج کو اس بدعت سے پاک کرنے کیلئے کمر بستہ ہیں.

نے ایک میٹنگ کے دوران Tuti جموں بھیم سینIGP ڈویژنل کمشنر جموں رمیش کمار اور جمونصوبے کے مختلف اضلاع مینعملائے جا رہے نشہ مکت ابھیان کی پیش رفت کا جائزہ لیا.

ووٹنگ

مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت پولنگ کا عمل آج صب□ سات بجے شروع ہوا اور یہ شام چھ بجے تک جاری رہے گا. ریاست میں اس مرحلے کے تحت 16ضلعوں میں محیط152اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جا رہے ہیں.

ادھر تامل ناڈو میں بھی ایک ہی مرحلے کے تحت ہونے والے اسمبلی انتخابات میں آج 234حلقوں میں ووٹنگ کا عمل جاری ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ22اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا.

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ